© rasailojaraid.com

44

# پُر اعتماد شخصیت

زندگی میں کامیابی کے لیے بہت سے عوامل آپ کے مددگار ہوتے ہیں۔ اعتماد کے بغیر شخصیت مکمل نہیں ہوتی ہے۔ جتنے زیادہ آپ پُر اعتماد ہوں گے زندگی کی راہوں پر آپ کی کامیابی کے اتنے ہی مواقع ہیں۔ ذیل میں چند اصول دیے جا رہے ہیں جن پر عمل پیرا ہو کر آپ اپنی شخصیت کو پُر اعتماد بنا سکتے ہیں:

۱- اس ذاتِ پاک کی شکر گزاری کریں جس نے آپ کو ایک صحت مند جسم اور ذہن عطا فرمایا اور اپنی بہترین اُمت کا ایک فرد بنایا۔

۲- علم حاصل کریں، اس سے آپ کے اعتماد میں اضافہ ہوگا۔ دلائل کی طاقت سے آپ اپنے مؤقف کو دنیا کے سامنے بہتر طور پر پیش کر سکتے ہیں۔ اس سے دوسروں کو بھی فائدہ پہنچائیں۔

۳- سیکھنا (learning) ایک ہمیشہ جاری رہنے والا عمل ہے، اس لیے مختلف امور پر مطالعہ جاری رکھیں۔

۴- اندازِ فکر مثبت رکھیں۔ اس سے ذہن کشادہ اور دل روشن رہتا ہے۔

۵- کامیاب لوگوں کی زندگی کا مطالعہ کریں۔ اس سے آپ کو اپنی شخصیت بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔

۶- اعتدال کا راستہ اختیار کریں۔ توازن میں ہی زندگی کا حُسن ہے۔

۷- اپنے کردار کو بہتر بنائیں، اپنے قول و فعل میں تضاد نہ آنے دیں۔

۸- چیلنجوں کو تدبیر اور تدبر سے حل کریں۔ مشکلات کو احسن انداز میں سلجھانے سے آپ کے اعتماد میں اضافہ ہوگا۔

۹- حتی الوسع لوگوں کی مدد اور رہنمائی کریں۔ اس کو بوجھ سمجھنے کے بجائے خوش دلی سے کریں۔

۱۰- وقت کی قدر کریں۔ ہر ساعت کو کسی مقصدی/مفید کام کی تکمیل میں صرف کریں۔

سنابل العلم

© rasailojaraid.com